احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

بدھ 8 جولائی 2009ء

روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 8 جولائی 2009ء 14 رجب 1430 ہجری 8 وفا 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 152

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

نجات حاصل کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ انسان خدا تعالیٰ کی ہستی پر کامل یقین پیدا کرے اور نہ صرف یقین بلکہ اطاعت کیلئے بھی کمر بستہ ہو جائے اور اسکی رضامندی کی راہوں کو شناخت کرے۔ اور جب سے کہ دُنیا پیدا ہوئی ہے یہ دونوں باتیں محض خدا تعالیٰ کے رسولوں کے ذریعہ سے ہی حاصل ہوتی آئی ہیں پھر کس قدر یہ لغو خیال ہے کہ ایک شخص توحید تو رکھتا ہو مگر خدا تعالیٰ کے رسول پر ایمان نہیں لاتا وہ بھی نجات پائیگا..........توحید بجُز ذریعہ رسول کے کب حاصل ہوسکتی ہے۔ اسکی تو ایسی ہی مثال ہے کہ جیسے ایک شخص روزِ روشن سے تو نفرت کرے اور اُس سے بھاگے اور پھر کہے کہ میرے لئے آفتاب ہی کافی ہے دن کی کیا حاجت ہے۔ وہ نادان نہیں جانتا کہ کیا آفتاب کبھی دن سے علیحدہ بھی ہوتا ہے۔ ہائے افسوس یہ نادان نہیں سمجھتے کہ خدا تعالیٰ کی ذات تو مخفی در مخفی اور غیب در غیب اور وراء الوراء ہے اور کوئی عقل اسکو دریافت نہیں کر سکتی جیسا کہ وہ خود فرماتا ہے..........یعنی بصارتیں اور بصیرتیں اسکو پا نہیں سکتیں اور وہ اُن کے انتہا کو جانتا ہے اور اُن پر غالب ہے۔ پس اُس کی توحید محض عقل کے ذریعہ سے غیر ممکن ہے کیونکہ توحید کی حقیقت یہ ہے کہ جیسا کہ انسان آفاقی باطل معبودوں سے کنارہ کرتا ہے یعنی بُتوں یا انسانوں یا سورج چاند وغیرہ کی پرستش سے دستکش ہوتا ہے۔ ایسا ہی انفسی باطل معبودوں سے پرہیز کرے یعنی اپنی رُوحانی جسمانی طاقتوں پر بھروسہ کرنے سے اور اُن کے ذریعہ سے عُجب کی بَلا میں گرفتار ہونے سے اپنے تئیں بچاوے۔ پس اِس صورت میں ظاہر ہے کہ بجُز ترک خودی اور رسول کا دامن پکڑنے کے توحید کامل حاصل نہیں ہوسکتی۔

اور جو شخص اپنی کسی قُوت کو شریک باری ٹھیراتا ہے وہ کیونکر موحد کہلا سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن شریف نے جابجا توحید کامل کو پیروی رسول سے وابستہ کیا ہے۔ کیونکہ کامل توحید ایک نئی زندگی ہے اور بجُز اُس کے نجات حاصل نہیں ہوسکتی جب تک خدا کے رسول کا پیرو ہو کر اپنی سفلی زندگی پر موت وارد نہ کرے۔ علاوہ اسکے قرآن شریف میں بموجب قول ان نادانوں کے تناقض لازم آتا ہے کیونکہ ایک طرف تو جابجا وہ یہ فرماتا ہے کہ بجُز ذریعۂ رسول توحید حاصل نہیں ہوسکتی اور نہ نجات حاصل ہوسکتی ہے۔ پھر دُوسری طرف گویا وہ یہ کہتا ہے کہ حاصل ہوسکتی ہے حالانکہ توحید اور نجات کا آفتاب اور اُسکو ظاہر کرنیوالا صرف رسول ہی ہوتا ہے اُسی کی روشنی سے توحید ظاہر ہوتی ہے پس ایسا تناقض خدا کی کلام کی طرف منسوب نہیں ہوسکتا۔

..........توحید ایک نُور ہے جو آفاقی و انفسی معبودوں کی نفی کے بعد دل میں پیدا ہوتا ہے اور وجود کے ذرّہ ذرّہ میں سرایت کر جاتا ہے پس وہ بجُز خدا اور اُسکے رسول کے ذریعہ کے محض اپنی طاقت سے کیونکر حاصل ہوسکتا ہے انسان کا فقط یہ کام ہے کہ اپنی خودی پر موت وارد کرے اس شیطانی نخوت کو چھوڑ دے کہ مَیں علوم میں پرورش یافتہ ہوں اور ایک جاہل کی طرح اپنے تئیں تصور کرے اور دُعا میں لگا رہے تب توحید کا نُور خدا کی طرف سے اُسپر نازل ہوگا اور ایک نئی زندگی اُسکو بخشے گا۔

(حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن جلد 22ص 147)

خدا کی بات

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا کہ تمہارے ساتھ شادی ہونے سے پہلے تم مجھے دو مرتبہ دکھائی گئی ہو، میں نے ایک فرشتہ کو دیکھا کہ وہ تمہیں ریشم کے ایک رومال میں اٹھائے ہوئے تھا، میں نے اسے کہا کہ رومال ہٹاؤ، جب اس نے رومال ہٹایا تو وہ تم تھیں۔ تب میں نے خیال کیا کہ اگر یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تو وہ ضرور اسے پورا کردے گا۔ پھر دوبارہ میں نے دیکھا کہ فرشتہ تمہیں ریشم کے ایک رومال میں اٹھائے ہوئے تھا، میں نے اسے کہا رومال ہٹاؤ، جب اس نے رومال ہٹایا تو وہ تم تھیں، تب میں نے خیال کیا کہ اگر یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تو وہ ضرور اسے پورا کردے گا۔

(صحیح بخاری کتاب التعبیر باب ثیاب الحریر حدیث نمبر:6495)

داخلہ مدرسۃ الحفظ طالبات

مدرسۃ الحفظ طالبات 3/14 دارالعلوم غربی حلقہ ثناء میں داخلہ برائے سال 2009ء کیلئے درخواستیں وصول کرنے کی آخری تاریخ 30 جولائی 2009ء ہے۔

داخلہ کے خواہشمند والدین سے درخواست ہے کہ داخلہ کیلئے درخواست سادہ کاغذ پر بنام ناظر صاحب تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ مندرجہ ذیل کوائف کے ساتھ بھجوائیں۔

1۔ نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، ایڈریس مع ٹیلی فون نمبر (اگر ہو تو)

2۔ برتھ سرٹیفیکیٹ کی فوٹو کاپی

3۔ پرائمری پاس سرٹیفیکیٹ کی فوٹو کاپی

4۔ درخواست پر صدر صاحب / امیر صاحب کی تصدیق لازمی ہے۔

اہلیت

امیدوار کیلئے ضروری ہے کہ 31 جولائی 2009ء تک اس کی عمر بارہ سال سے زائد نہ ہو۔

امیدار پرائمری پاس ہو۔

قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ مکمل پڑھا ہو۔

امیدوار کا حفظ قرآن کریم میں ذاتی شوق و دلچسپی ضروری ہے۔

تمام درخواستیں نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ میں جمع کروائیں۔

انٹرویو کیلئے امیدواران کی لسٹ 6/اگست 2009ء کو نظارت تعلیم ربوہ اور مدرسۃ الحفظ طالبات میں لگائی جائے گی۔

انٹرویو/ٹیسٹ 10,9/اگست 2009ء کو صبح ساڑھے سات بجے ادارہ میں ہوگا۔

کامیاب امیدواران کی لسٹ 12/اگست 2009ء کو صبح 9 بجے ادارہ میں لگائی جائے گی۔

(پرنسپل عائشہ اکیڈمی ربوہ)

درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے

بدرسوم ورواج کے خاتمہ کی ضرورت

کسی بھی قوم کے کردار کی عکاس بد رسمیں
تنزل کی نشانی ، دین کا افلاس بد رسمیں
نحوست کا یہ باعث ہیں بہت خناس بد رسمیں
محمدؐ کے غلاموں کو بھلا کب راس بد رسمیں

اگر دل عشقِ مہدی کا ذرا سا ذائقہ پائے
تو سفلی خواہشوں کی پیروی کرنے سے شرمائے

بہت سی بدعتوں میں آج کل جکڑے ہوئے ہیں ہم
رسومِ بد کو کتنے چاؤ سے پکڑے ہوئے ہیں ہم
بنے ہیں نفس کے بندے بہت تکڑے ہوئے ہیں ہم
جہاں جھکنا ہے لازم ، اس جگہ اکڑے ہوئے ہیں ہم

سکھاتا ہے طریقے نت نئے جب نفسِ امارہ
تو اس کے داؤ سے کوئی بھی بچ پائے نہ بیچارہ

کہیں مالی پریشانی ہے ، پیہم تنگ دستی ہے
مگر شوقِ نمائش دل میں ہے بدعت پرستی ہے
اِدھر دیں ہاتھ سے نکلا ، اُدھر دنیا میں پستی ہے
مگر افسوس ہر جاہل کو سفلی مے کی مستی ہے

فرائض واجبات اور سنتیں سب کچھ قضا کر دیں
دلوں میں ٹھنڈ تب پڑتی ہے جب رسمیں ادا کر لیں

جہاں مالی کشائش ہے ، جہاں کوٹھی میں دانے ہیں
وہاں کا حال مت پوچھو کہ کملے بھی سیانے ہیں
یہی گھر بدعتیں گھڑنے کے جاری کارخانے ہیں
ہر اک تقریب پر واں جشن کے سو سو بہانے ہیں

جنم لیتی ہیں ان اونچے گھروں میں بدعتیں ساری
مثالِ وائرس پھر پھیلتی جاتی ہے بیماری

جہاں ہے مان پیسے کا نصیحت زہر لگتی ہے
چھچھورے پن کی عادت ہے ، متانت زہر لگتی ہے
بہت فیشن پرستی ہے ، قدامت زہر لگتی ہے
طبیعت ہے بہت خود سر، اطاعت زہر لگتی ہے

بہت محبوب ہیں کچھ عورتوں کو من گھڑت رسمیں
اور ان کے چاؤ میں توڑیں وہ اپنے عہد اور قسمیں

ہے رسمیں چھوڑنا اِن عورتوں کے واسطے بھاری
خوشی ہو یا غمی کرتی ہیں پوری بدعتیں ساری
بہت نازاں ہیں پشتوں سے یہ رسمیں گھر میں ہیں جاری
نبھانا اس جہالت کو بھی ہے رسمِ وفاداری

نمازیں تک بُھلا دیتی ہیں وہ رسموں کے چاؤ میں
وہ ہیرے بیچ دیتی ہیں فقط کوڑی کے بھاؤ میں

بہت سے شوہروں پہ بوجھ ہے روٹی کمانے کا
مگر بیوی کو ہر دم شوق ہے رسمیں نبھانے کا
خوشی ہو یا غمی اک خبط ہے پیسہ لٹانے کا
وہ موقع ڈھونڈتی ہے ہر گھڑی دیگیں چڑھانے کا

جنم دن ہے کبھی چہلم کبھی گانے کی محفل ہے
بہانہ ڈھونڈ کر کوئی نیا گھر بھر میں ہلچل ہے

کہیں رشتہ ہوا تو بے دھڑک رسمیں ہوئیں جاری
یہ جوڑا ہاں کا ہے، منگنی کے جوڑے کی ہے تیاری
جنم دن پر کبھی عیدوں پہ تحفوں کی وضع داری
ادھر منہ توڑ مہنگائی ، ادھر پیہم خریداری

یونہی دن رات یہ شوقِ نمائش بڑھتا جاتا ہے
اسی کے چاؤ میں قرضہ سروں پر چڑھتا جاتا ہے

فقط ہونے پہ ہاں ایسی طبیعت گدگدائی ہے
مسلسل فون پر باتیں ہیں شوقِ آشنائی ہے
کہیں پیلے ہرے جوڑے کہیں رسمِ حنائی ہے
کہیں چہرہ نمائی ہے، کہیں جوتا چھپائی ہے

جو حق مہر کا پوچھو ، شریعت کا حوالہ ہے
پہ جب اپنی غرض آئے شریعت تر نوالہ ہے

ہر اک تقریب پر اب رقص کی پھیلی ہے بیماری
مہینوں تک ہوا کرتی ہے ہر شب اس کی تیاری
اذان فجر تک رہتی ہے محفل رقص کی جاری
اسی مخلوط محفل میں پنپتی ہے گناہ گاری

میاں جب چاؤ سے خود رقص بیوی کو سکھاتے ہیں
تو بچے پیمپروں میں ہی تھرکنا سیکھ جاتے ہیں

کوئی اپریل فول، اور کوئی سالِ نو کا شیدائی
کہیں یومِ ویلنٹائن پہ رسمِ پھول بھجوائی
کسی نے بن کے مجنوں عشق میں ہے شیو بڑھائی
جو محبوبہ نے دی مس کال تو پھر جاں میں جاں آئی

بس اب کیبل، موبائل اور چیٹنگ زندگی اپنی
خدا جانے کہاں لے جائے گی دیوانگی اپنی

بسنت آ جائے تو گڈی اُڑانا فرض ہے ان پر
عبادت جان کر اس کو منانا فرض ہے ان پر
لگانا لائٹیں دیگیں پکانا فرض ہے ان پر
یونہی شام و سحر پیچے لڑانا فرض ہے ان پر

ادھر بچوں بڑوں کے ڈور نے کاٹے گلے کتنے
اور آتش بازیوں کے شوق میں چہرے جلے کتنے

یونہی رسمیں نبھانا سال بھر ایمان ہے ان کا
شریک کار سارے شغل میں شیطان ہے ان کا
یہ بازی سب پہ لے جائیں ، یہی ارمان ہے ان کا
نہ ہرگز ناک ہو نیچی یہی فرمان ہے ان کا

سجاتے ہیں جو خود ماتھے پہ جھومر رو سیاہی کا
تماشا دیکھ لیں گے جلد ہی اپنی تباہی کا

یہ اونچی ناک والے آخرت میں منہ چھپائیں گے
فرشتے روزِ محشر داغ ناکوں پر لگائیں گے
یہاں دو چار دن کی واہ وا بے شک کمائیں گے
خدا سے نام لیکن فاسق و فاجر رکھائیں گے

بہت ناداں ہیں جو اس پاپ کی گٹھڑی کو ڈھوتے ہیں
گھڑی بھر کے لئے ہنستے مگر آخر کو روتے ہیں

محمدؐ کی غلامی کاش ان کے خوں میں رچ جائے
تو پھر لازم ہے اِن کو ہر غلامی سے حیا آئے
خدا کا فضل ہی عرشی غلاظت سے بچا پائے
یہاں پھسلا قدم جس کا ، پھسلتا ہی چلا جائے

بھرے گھر کو یہ رسمیں مائلِ افلاس کرتی ہیں
یہ کینسر کی طرح قوموں کا ستیا ناس کرتی ہیں

ا۔ع۔ملک

مکرم نذیر احمد سانول صاحب

چوہدری رشید احمد خاں صاحب سابق امیر ضلع ملتان کی یاد میں

محفوظ رکھے۔ آمین خاکسار کے والد مکرم حافظ صوفی محمد یار صاحب اڈہ چوہڑ ہٹہ کبیر والہ ضلع ملتان (اب خانیوال) کے قریب سرائے سدھو روڈ پر احمدی ہونے سے قبل ایک دینی مدرسہ چلاتے تھے اور پیری مریدی کا شغل رکھتے تھے۔ علاقہ میں آپ کے معتقدین اور شاگردوں کی کثیر تعداد تھی۔ ضلع ملتان کے علماء میں آپ کا مقام جانا پہچانا تھا۔ پیر اور مولوی ہونے کے باوجود آپ گوشہ نشینی کو ترجیح دیتے تھے۔

اشارہ خداوندی کے تحت سیدنا حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث کے دست حق پرست پر دستی بیعت کی سعادت حاصل کرکے واپس آگئے اور اپنے ''مدرسہ روحانی ہسپتال'' میں نماز جمعہ کے اجتماع میں قبول احمدیت کا اعلان کر دیا یہ اپریل 1978ء کا واقعہ ہے۔

اس اچانک اعلان پر آپ کی مخالفت شدت اختیار کر گئی اگلے جمعہ مخالفین نے مدرسہ پر قبضہ کر لیا اور عوام الناس کو مکمل تعلقات ختم کرنے اور بائیکاٹ کرنے پر زور دیا۔ ہمارے گھر والے دروازے کے آگے دیوار تعمیر کر دی۔ ایک قریبی مدرسہ کے طلباء اور اساتذہ کو یہاں لاکر زبردستی بٹھا دیا ان کا کام صرف یہ ہوتا کہ ہمیں ڈرانا دھمکانا اور برے ناموں سے پکارنا۔

چونکہ خاکسار کی عمر اس وقت آٹھ نو سال تھی، یہ ساری مشکلات دیکھ کر پریشان تھا۔

یکم مئی 1978ء کا دن اور دوپہر کا وقت تھا۔ والد صاحب مرحوم کے مدرسہ میں اور اس کے ارد گرد علماء اور عوام الناس کا ایک بڑا اجتماع تھا نقص امن کے خیال سے علاقہ کی پولیس اور افسران بھی آئے ہوئے تھے۔ مولوی اور عوام نعرہ بازی کر رہے تھے ایک کار آکر رکی اس سے تین اشخاص اترے۔ ان میں سے ایک چھ فٹ کا لمبا آدمی سفید شلوار قمیص کے ساتھ سر پر سیاہ جناح کیپ سجائے اور خشخشی داڑھی سے چہرہ مزین کئے مسکراتے ہوئے افسران اور علماء کے درمیان بڑھ کر بلند آواز سے سلام کیا اور تعارف کراتے ہوئے کہا خاکسار کا نام چوہدری رشید احمد خاں ہے اور میری خدمت بطور امیر جماعت احمدیہ ضلع ملتان ہے۔ اس بات نے اجتماع پر سکوت اور سناٹا طاری کر دیا۔

چوہدری صاحب نے ہی اس سکوت کو ختم کیا اور افسران سے بات چیت کی۔ آپ کی گفتگو میں ایسا رعب تھا کہ افسران نے آپ کی ہر بات کو تسلیم کیا اور ناجائز قابضین کو فوراً وہاں سے بیدخل کر دیا۔

مکرم چوہدری صاحب کو خاکسار نے اس وقت پہلی دفعہ دیکھا تھا اور آپ کی گفتگو سنی تھی بعد میں آپ کے ساتھ کام کرنے کا موقع بھی ملا۔ 1984ء میں خاکسار بیت الذکر حسین آگاہی میں بطور خادم خدمت پر مامور ہوا۔ اس دوران آپ کو قریب سے دیکھنے کے مواقع میسر آئے۔

آپ کے والد شریف کا نام چوہدری چھجو خاں صاحب تھا۔ آپ ایک معزز زمیندارہ خاندان ''راجپوت گھوڑے واہ'' سے تعلق رکھتے تھے۔ والد گرامی جماعت احمدیہ سڑوعہ ضلع ہوشیار پور کے امیر جماعت تھے اور کشمیر میں فارسٹ آفیسر تھے۔ آپ تک حضرت مسیح موعود کا پیغام پہنچ چکا تھا اور آپ دل سے ایمان لا کر خط بیعت تحریر کر چکے تھے۔ تاہم آپ نے حضرت حاجی الحرمین شریفین حکیم مولوی نور الدین صاحب خلیفۃ المسیح الاول کے دست مبارک پر دستی بیعت کا شرف حاصل کیا۔ تقسیم ہند پر پاکستان تشریف لائے۔ آپ نیک پارسا اور دیندار تھے۔ جماعتی کاموں میں خاص دلچسپی کے علاوہ جلسہ سالانہ میں باقاعدہ شامل ہوا کرتے تھے، چنانچہ آپ کو ایک خاص اعزاز حاصل ہے کہ جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں آپ کا انتقال ہو گیا 28 دسمبر 1949ء کو آپ کی نماز جنازہ ظہر کی نماز کی ادائیگی کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے پڑھائی۔

پیدائش اور تعلیم

جناب چوہدری صاحب کی پیدائش سڑوعہ ضلع ہوشیار پور میں 1908ء میں ہوئی۔ آپ پڑھے لکھے خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ تعلیمی ماحول میں آنکھ کھولی تھی۔ اس برکت کی وجہ سے آپ نے 1930ء میں ایم۔ایس۔سی (باٹنی) لکھنؤ یونیورسٹی سے کی۔

ملازمت

آپ نے محکمہ تعلیم میں ملازمت اختیار کی اور آپ کی ابتدائی تعیناتی بطور سائنس ٹیچر 1933ء کو جڑانوالہ میں ہوئی۔ آپ نے بطور معلم ملک کے کئی مقامات پر خدمت کی۔ جڑانوالہ سے پاکپتن اور پھر ساہیوال تشریف لے گئے۔

1942ء میں ملتان شہر میں بطور سائنس انچارج گورنمنٹ ہائی سکول ملتان تعینات ہوئے۔ سائنس ڈیپارٹمنٹ انچارج کے ساتھ ساتھ آپ ہوسٹل کے بھی انچارج تھے۔

حسن کارکردگی کی بناء پر 1950ء کو گورنمنٹ ہائی سکول ''کمالیہ'' میں بحیثیت ہیڈ ماسٹر تشریف لے گئے۔ اس علاقہ کو آپ نے نور علم سے منور کیا اور اپنے قیام کے دوران، شرافت، دیانت اور قابلیت کا لوہا منوایا۔ پورا علاقہ آپ کا گرویدہ اور ممنون احسان رہا۔

مکرم چوہدری صاحب کو اللہ تعالیٰ نے بے بہا جوہر عطا فرمائے تھے آپ اپنے فرائض کو عبادت کا درجہ دیا کرتے تھے۔

اس وقت ملتان ڈویژن چھ اضلاع پر مشتمل تھا چنانچہ 1956ء میں آپ ملتان ڈویژن کے ڈپٹی انسپکٹر آف سکولز مقرر ہوئے (آج کل یہ عہدہ ڈپٹی ڈائریکٹر آف ایجوکیشن کہلاتا ہے)

1965ء میں آپ کو کمپری ہنسو ہائی سکول ملتان شہر کا پرنسپل ہونے کا اعزاز حاصل ہوا۔ آپ نے تدریس میں جدّت اختیار کی، محنت سے کام لیا۔ آپ کے سکول کے شاندار نتائج پر لوگوں کا اس طرف رجحان بڑھ گیا اور بڑے بڑے خاندانوں کے بچگان اس میں داخلہ لینے لگ گئے۔ ملتان بھر میں آپ بڑے وقار، عزت اور شان سے پہچانے جاتے ہیں۔ 1968ء میں آپ بطور پرنسپل ریٹائرڈ ہوئے۔

شادی اور اولاد

سڑوعہ خاندان میں ہی آپ کی شادی ایک معروف قانون دان مکرم چوہدری غلام احمد خاں صاحب ایڈووکیٹ کی بڑی صاحبزادی محترمہ اصغری بیگم صاحبہ سے ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو نیک اور لائق اولاد سے نوازا۔ ساری اولاد اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کے ساتھ ساتھ دینی و جماعتی خدمات میں پیش پیش رہی۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے چار بیٹے اور ایک بیٹی عطا فرمائی جن کی تفصیل یہ ہے:

1۔ مکرم حمید احمد رانا صاحب (مرحوم) یہ کامیاب تاجر تھے۔

2۔ محترمہ امتہ النصیر صاحبہ۔ آپ لمبے عرصہ تک ملتان شہر کی صدر لجنہ کے فرائض انجام دیتی رہیں۔

3۔ مکرم رانا سعید احمد صاحب۔ آپ محکمہ تعلیم سے ریٹائرڈ ہیں۔

4۔ مکرم ڈاکٹر نسیم احمد صاحب رانا (سرجن) شکاگو امریکہ میں خدمات کر رہے ہیں۔

5۔ مکرم کلیم احمد رانا صاحب ایم۔ایس۔سی (ٹیکنیکل) ٹیکساس میں مقیم ہیں۔

ساری اولاد نے دین و دنیا میں معزز مقام و مرتبہ حاصل کیا ہے۔

وصیت و مالی قربانی

آپ کو ابتدائی عمر میں موصی ہونے کا شرف حاصل ہو چکا تھا لازمی چندہ جات، بروقت ادا کرتے، کبھی آپ مقامی و مرکزی حسابات میں بقایا دار نہ رہے۔ خلفاء احمدیت کی جملہ تحریکات پر اولین لبیک کہتے اور معیاری وعدہ اور یاددہانی کرائے بغیر ادائیگی کر دیتے۔

جماعتی خدمات میں آپ لمبے عرصہ تک صدر مجلس موصیان ملتان شہر کے فرائض انجام دیتے رہے۔ موصیان کی تعداد میں اضافہ کے لئے مہینہ میں ایک خطبہ جمعہ وصیت کی اہمیت، افادیت اور مقام کے بارے دیا کرتے۔ موصیان کے اجلاس میں موصیان کو مثالی موصی بننے اور ان کے اوصاف بیان کیا کرتے۔ موصیان کی مرکزی ہدایات پر تشخیص جائیداد کرا دینے کے بعد موصیان سے ذاتی رابطہ کر کے ادائیگی کی طرف خصوصی توجہ دلاتے رہتے۔

ادائیگی حصہ جائیداد

چونکہ چوہدری صاحب نے جوانی میں وصیت کر دی تھی اور بڑی دلچسپی سے اس کے تقاضے پورے کرتے رہتے تھے اس لئے وفات پر ورثاء کو کسی قسم کی کوئی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑا۔ آپ نے اپنی زندگی میں جملہ جائیداد و حصص کی تشخیص کے بعد ادائیگی کرکے دفتر سے سرٹیفکیٹس حاصل کر لئے تھے۔ وفات پر آپ کے حسابات دفتر وصیت میں مکمل تھے۔

جماعتی خدمات

خدا تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ایک بڑی نعمت خدمت دین ہے چوہدری صاحب کبھی اس نعمت سے خالی نہ تھے ہمیشہ کوئی نہ کوئی شعبہ پاس رہا بلکہ بسا اوقات کئی شعبہ جات میں بیک وقت خدمت کر رہے ہوتے۔ آپ کے مفوضہ امور ہمیشہ مکمل ہوتے، تحقیق میں باریک بینی، کوائف میں تکمیل، کوئی پہلو تشنہ نہ ہوتا، آپ کئی عہدوں پر کام کرتے رہے۔ صدر، صدر موصیان، قاضی جماعت ان حوالوں سے آپ جماعت کے اجلاسات میں بھرپور تیاری سے شامل ہوتے۔ چونکہ خاکسار اجلاسات کے انعقاد پر مامور ہوتا تھا کبھی چوہدری صاحب کو غیر حاضر نہ پایا۔ بلکہ یہ آپ کا خاص امتیاز تھا کہ کہیں بھی جماعتی میٹنگ، اجلاس یا پروگرام ہو آپ سب سے پہلے تشریف لانے والے ہوتے۔ حاضری کے ریکارڈ میں ہمیشہ آپ کا پہلا نمبر ہوتا۔

اجلاسات میں صائب مشورہ دیتے، بات میں وزن ہوتا، پورے تول اور میزان سے بات کرنے کے عادی تھے۔ اس لئے آپ کی رائے کو ہمیشہ اہمیت رہی اور اکثر آپ کی رائے پر فیصلہ ہو جاتا۔

امارت ضلع

خلافت ثالثہ کا مبارک دور تھا 1970ء میں آپ ضلع ملتان کے امیر ضلع مقرر ہوئے اس وقت خانیوال، لودھراں اور وہاڑی ملتان کی تحصیلیں تھیں اور یہ بعد میں اضلاع ہوئے۔ اتنے بڑے ضلع کے جملہ انتظامات کو سنبھالا۔ ضلع کی ہر جماعت بلکہ ہر فرد پر گہری نظر تھی، جماعتوں کو فعال بنانے، بیدار رکھنے میں چوہدری صاحب نے رابطہ کا مضبوط انتظام کیا، اپنے نمائندگان

کو جماعتوں سے رابطہ کے لئے پابند کرتے رہتے اور جماعتوں میں بھجواتے رہتے۔

1974ء کے مشکل حالات تھے! معاندین نے ملکی حالات خراب کر کے فسادات پیدا کر دیئے تھے۔ احمدیوں کو تنگ کرنا شروع کر دیا کئی مقامات پر حالات شدت اختیار کر گئے۔ اس کا اصل مرکز ملتان ہی تھا۔ مکرم چوہدری صاحب نے وقت کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے دعاؤں پر زور دیا اور اپنے تعلقات اور اثر و رسوخ کو استعمال کرتے ہوئے مدبرین اور صاحب اثر افراد سے مل کر اور خدا تعالیٰ سے دعائیں اور التجائیں کر کے اس ابال کو سرد کیا۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے ملتان شہر کے حالات قابو میں رہے۔

طلباء کی دستگیری

خاص طور پر احمدی طلباء کو دھمکیوں کے ساتھ حملہ اور زدوکوب کر کے ہراساں کیا جا رہا تھا۔ نشتر میڈیکل کالج کے طلباء کو امتحان نہ دے سکنے کے علاوہ جان کا خطرہ تھا۔

ایسے حالات میں مکرم چوہدری صاحب کی مدبرانہ اور انتظامی کاوش نے کام کیا۔ اس وقت نشتر میڈیکل کالج ملتان کے پرنسپل جناب سید ظفر حیدر شاہ صاحب (سرجن) نہایت عالی ظرف محبّ وطن اور ہمدرد انسان تھے چوہدری صاحب نے ان سے رابطہ پر صورت حال کا جائزہ لے کر احمدی طلباء کو ہوسٹل سے عارضی طور پر ''شیزان ہوٹل'' میں منتقل کیا۔ بعدہ مصلحتاً اپنے مکان ''محلّہ شاہ گردیز'' میں قیام دیا اس سال کل گیارہ طلباء تھے، آپ کے مکان پر ہی طلباء مقیم رہے۔ یہیں امتحانات کی تیاری کی۔ ان خوف و ہراس کے ایام میں طلباء نے امتحانات دیئے۔ گیارہ میں سے دس طالب علم اعلیٰ نمبروں سے کامیاب ہوئے۔ صرف ایک طالب علم کی کمپارٹمنٹ آئی۔ یہ خدا تعالیٰ کا فضل اور چوہدری صاحب کی دانشمندی تھی کہ طلباء کی پریشانیاں خوشیوں میں تبدیل ہوگئیں۔ اس قیام کے دوران چوہدری صاحب طلباء کی دلجوئی کرتے حوصلہ بڑھاتے اور میدان عمل کے لئے ابھارتے رہتے۔

یاد رہے کہ ان فسادات کے پرخطر ایام میں نشتر میڈیکل کالج کے ہوسٹل میں مذکورہ طلباء کا سامان کمروں سے اٹھا کر باہر پھینک دیا اور آگ لگا دی تھی۔

خدا تعالیٰ کے گھر کی حفاظت

1974ء کے انہی نامساعد ایام میں آپ نے خدمت دین کے کافی کام انجام دیئے۔ ہر طرف خوف، اور بے یقینی کا عالم تھا مگر احمدی پہلوان خدا تعالیٰ پر توکل بھروسہ اور امید لگائے اپنے اپنے فرائض میں مشغول تھے۔ مکرم چوہدری صاحب نے انہی ایام میں ملتان کے دل حسین آگاہی میں نہ صرف ''بیت الذکر'' کو وسعت دی بلکہ اوپر کھڑے ہو کر کام کی نگرانی کی۔ علی الصبح گھر سے بے خطر آنا اور سارا دن بیت الذکر میں قیام کرنا، کام کاج دیکھنا، راج اور مزدوروں کو ہدایات دینا، شرپسندوں کا سامنا کرنا اور دعائیں کرنا اور رات گئے اپنے گھر واپس چلے جانا!

اسی طرح ملتان شہر کی جامع مرکزی ''بیت الذکر'' کی زمین سے قابضین کو بے دخل کرنا آپ کا بہترین کارنامہ ہے۔

مقامی قبرستان

چوہدری صاحب کو جماعت کی ضروریات کا خاص خیال رہتا تھا اور ایسے مواقع تلاش کرتے رہتے تھے جو جماعت کے لئے مفید ہوں آپ جماعتوں کو تلقین کرتے رہتے کہ جماعتیں اپنے ہاں جہاں بیوت الذکر کا انتظام کریں وہاں قبرستان کے لئے بھی جگہ مخصوص کریں۔ اسی بناء پر آپ نے ملتان شہر کے لئے تگ و دو کے بعد ایک قطعہ زمین 4 کنال کا خریدا، گورنمنٹ سے ضروری کارروائی کے بعد قطعہ کی چار دیواری کرا کے گیٹ لگوایا اور اندرونی جگہ کو ہموار کرا دیا۔ دیکھ بھال کے لئے ایک قریبی احمدی کو مقرر کیا۔ گاہے بگاہے خود تشریف لے جاتے اور کبھی اپنے ساتھ کسی عزیز، دوست یا عہدہ دار کو بھی ساتھ ملا لیتے۔

اکرام ضیف

آپ میں یہ وصف نمایاں تھا کہ مہمانوں کی بڑی عزت کرتے سہولیات فراہم کرتے، وقت اور موسم کے مطابق اکل و شرب کا اہتمام کرتے۔ اس میں اپنے اور بیگانے کا کوئی امتیاز نہ ہوتا۔ خاص کر مرکزی مہمانان کرام کی ضروریات کا خیال کرتے۔ مہمانوں کے قیام و طعام کا انتظام بیت الذکر حسین آگاہی میں ہوتا، اس لئے آپ اس بات کا باقاعدہ جائزہ لیتے کہ آج کون اور کتنے مہمان تشریف لائے ہوئے ہیں۔ موسم کے مطابق بستر چارپائی مہیا کرنے کے لئے، اور خورونوش طبیعت کے مطابق فراہم کرنے کی ہدایت کرتے۔

موسم سرما شروع ہوتے ہی گرم بستروں کو دھوپ میں سینک لگواتے اور ہوا لگوا کر رکھوا دیتے۔ مہمان داری میں صفائی کا بہت خیال ہوتا۔ اس بات کی ہمیشہ تلقین ہوتی کہ مہمان کے آنے سے قبل جملہ انتظامات و مقامات صاف ستھرے ہوں اور مہمان کے جانے کے بعد بھی تمام تر اشیاء صاف اور اجلی ہو جائیں۔

بحیثیت کارکن خاکسار آپ کے ساتھ کام کرتا تھا آپ خاکسار کو یاد دہانی کراتے رہتے کہ مہمان کا دل شیشہ کی طرح ہوتا ہے، سفر سے تھک ہار کر آتا ہے مہمان کا یہ حق بنتا ہے کہ اس کی دلجوئی کی جائے اس کا استقبال کیا جائے اور بڑے لطف و مہربانی سے پیش آیا جائے خاکسار کو یہ ہدایت ہوتی کہ مہمان سے پوچھ کر طبیعت اور رغبت اور پسند کے مطابق اشیاء خورونوش پیش کی جائیں۔ مجھے اکثر یہ شعر سنایا کرتے تھے۔

شکر کا مقام ہے نہ کر شکوہ مہمان پر
اپنی قسمت کھا رہا ہے تیرے دستر خوان پر

اغیار میں مقام

چوہدری صاحب کا مقام و مرتبہ اور وقار نہ صرف اپنوں میں تھا بلکہ اغیار میں بھی بلند مقام رکھتے تھے۔ آپ کا عرصہ حیات تعلیم و تدریس سے منسلک تھا اور آپ بہترین معلمین میں سے تھے۔ آپ کا حلقہ احباب بہت وسیع تھا۔ بڑے بڑے خاندانوں کے بچے آپ کے شاگرد تھے اور یہ اعلیٰ وارفع عہدوں پر تھے۔ آپ جب کسی ادارہ میں جاتے تو افسران آپ کو سیلیوٹ کرتے اور جب بازار کو جاتے تو تاجر حضرات کھڑے ہو کر دست بستہ سلام کرتے، چوہدری صاحب کا اپنوں اور بیگانوں میں بہت عزت و احترام تھا۔

تعلقات عامہ

آپ کا ملتان کے بڑے جاگیردار، سیاسی شخصیات کے ساتھ دوستانہ اور برادرانہ تعلقات تھے۔ ملتان کے سیاسی گھرانے، گیلانی ہوں، خاکوانی ہوں، گردیزی ہوں یا قریشی ہوں، نون یا بوسن ہوں یہ سب چوہدری صاحب کو اپنا خیال کرتے تھے۔ ان سے کام کاج لینے کے لئے اکثر عوام الناس آپ کے در پر آتے رہتے۔ آپ تعلقات کی بناء پر غریب عوام کے کام کروا دیتے تھے۔

چوہدری صاحب کا سب سے بڑا تعارف احمدیت تھا، آپ بلا کے نڈر تھے اور دینی غیرت رکھنے والے تھے۔ جب ایسی مجالس میں جماعت کے موقف کے خلاف کوئی بات ہوتی تو آپ بلاتوقف اس کی نہ صرف تردید کرتے بلکہ جماعت کا پورا پورا موقف اور اپنا مافی الضمیر بڑی شان سے بیان کرتے آپ کی گفتار کے وقت محفل پر سناٹا چھایا رہتا محفل میں ایسا سماں باندھتے کہ ہر آدمی گرویدہ ہو جاتا۔

یادداشت

چوہدری صاحب کا حافظہ بلا کا تھا کسی جماعت سے کوئی آدمی آتا آپ اس سے حال احوال دریافت کرتے، پوری جماعت کے افراد کے بچگان کے نام ذہن میں حاضر ہوتے۔ ان کی صحت، کاروبار کا پوچھتے، بسااوقات جماعت کے آدمی کو اپنی جماعت کے احباب کے نام یاد نہ ہوتے چوہدری صاحب نہ صرف نام بتاتے بلکہ ان کے باپ دادا کے اسماء بھی بتا دیتے تھے۔

اپنی مجالس و محافل میں تاریخی واقعات سنایا کرتے قوموں کے عروج و زوال، مذاہب عالم کے تعارف، بانیان مذاہب کی سوانح عمری، کارنامے اور عقائد پر کلام کرتے۔ محفل میں بیٹھنے والا آپ کا گرویدہ ہو جاتا۔ چوہدری صاحب کا حافظہ اس قدر مضبوط تھا کہ بچپن کے واقعات آخری عمر تک یاد تھے اور اس میں کمی نہ آئی۔ بات بڑی بارعب کرتے اور بلند آواز سے کرتے یہ ترنگ آخری سانسوں تک رہی۔ خدا تعالیٰ نے آپ کو بصارت و بصیرت سے خوب نوازا تھا۔ آپ کی بینائی بہت اچھی تھی۔ عمر کے آخری حصہ لمحات تک اخبار آسانی سے پڑھ لیتے تھے اور اس پر خدا تعالیٰ کے فضل کا شکر کرتے۔

26/اپریل 1984ء کو حکومت نے جماعت احمدیہ کے خلاف آرڈیننس جاری کر کے جماعت کے بنیادی انسانی حقوق سلب کئے۔ خاکسار کی عمر اس وقت 15-16 سال تھی جنگل سے اٹھ کر نیا نیا شہر گیا ہوا تھا اور ابھی بچپنا بھی تھا اس لئے چوہدری صاحب نے رات کے 10 بجے دو خدام کو بیت الذکر میں بھیجا کہ بیت الذکر میں جا کر ٹھہریں اور خاکسار کو سارا معاملہ سمجھائیں، حفاظت کے لئے طریق کار بتائیں اور دل بڑا کریں نیز آنے والے دوستوں کو معلومات مہیا کریں اور مرکز کی پالیسی یعنی دعائیں، عبادات، نوافل اور نماز تہجد اور کثرت سے درود شریف پڑھنے کے لئے تحریک کرتے رہیں۔

چنانچہ ہم تینوں خدام باوضو ہو کر نوافل پڑھنے لگ گئے اور سجدات میں گریہ و زاری آہ و بکا اور دعائیں کرنے لگے، فجر کی نماز پر مرکز سے مقررہ دعائیں تحریر شدہ آگئیں ان دعاؤں کے پڑھنے کے ساتھ ہی غمگینی ختم ہو کر سیروں خون بڑھ گیا۔ فجر پر احباب آنے لگ گئے تھے قدرے توقف سے چوہدری صاحب بھی تشریف لائے۔ آپ نے آتے ہی ایک شعر پڑھا جو آج بھی کانوں میں رس گھول رہا ہے، اس شعر کے پڑھتے ہی احباب کے دل بڑھ گئے وہ شعر یہ ہے۔

رقیبوں نے رپٹ لکھوائی ہے جاجا کے تھانے میں
کہ اکبر نام لیتا ہے خدا کا اس زمانے میں

اسیران راہ مولیٰ!

یہ سلسلہ آگے بڑھا معصوم و پُر امن احمدیوں کو تنگ اور خوف زدہ کرنے کے لئے جھوٹے، من گھڑت اور بے بنیاد مقدمات میں ملوث کرنا شروع کیا گیا۔ ملتان سے بھی گرفتاریاں ہوئیں، مقدمات بنے احباب جیلوں میں گئے۔ چوہدری صاحب موصوف نے ہر اسیر راہ مولیٰ کا نہ صرف خیال رکھا بلکہ وفود تیار کر کے ملاقات کے لئے بھجواتے۔

ڈسٹرکٹ اور سنٹرل جیل میں نہ صرف ملتان بلکہ دیگر اضلاع سے بھی اسیران راہ مولیٰ پس زنداں ہوتے یہ سلسلہ بڑھتا گیا۔ چنانچہ چوہدری صاحب نے جیل انتظامیہ سے مل کر اسیران راہ مولیٰ کے لئے گھریلو کھانے کا انتظام کرایا۔ کھانا پہنچانے کی خدام الاحمدیہ کی ذمہ داری تھی آپ اپنے حلقہ کے ذمہ وار خدام کو اس کا پابند بناتے ملاقاتیوں کو ہدایت کرتے کہ اسیران راہ مولیٰ کے ہاں خالی ہاتھ نہ جائیں کوئی نہ کوئی تحفہ بصورت پھل وغیرہ ضرور لے کر جائیں۔

اسیران کے مقدمات مختلف عدالتوں میں زیر کارروائی تھے۔ خاکسار کے ذمہ مقدمات کی تفصیل اور آئندہ پیشی کا نوٹ کرنا ہوتا تھا چنانچہ خاکسار مقدمات

کی صورت حال اور آئندہ تاریخ پیشی نوٹ کرنے کے لئے جاتا اور متعلقہ وکلاء سے نئی تاریخیں نوٹ کر کے لاتا۔ آپ مجھے بلاتے پوری تفصیل پوچھتے، اسیران راہ مولیٰ کی صحت کے بارے میں دریافت کرتے اور تاکید کرتے کہ اسیران راہ مولیٰ سے ضرور ملاقات کیا کرو۔ وہ ہمارا فرض کفایہ ادا کر رہے ہیں۔ ان کی تکالیف سن کر آبدیدہ ہو جاتے۔

ترسیل آڈیو کیسٹس

1984ء کے سنگین حالات تھے اس وقت حضور پُرنور جو خطبہ جمعہ لندن میں ارشاد فرماتے اگلے چند دن میں جماعتوں میں آڈیو کیسٹس کی صورت پہنچ جاتا تھا۔ جماعتوں کو ماسٹر کاپی مہیا ہوتی مقامی طور پر جماعتیں کاپیاں تیار کر کے گھروں کو مہیا کرتیں۔

چوہدری صاحب موصوف کو اس بات کا بہت زیادہ خیال ہوتا۔ حضرت خلیفۃ المسیح کی آواز ہر گھر میں پہنچے۔ اس لئے اس کام کی ذاتی نگرانی فرماتے۔ کارکنان کرام کو فرماتے کہ خلیفہ وقت کی آواز میں زندگی ہوتی ہے جو روحوں کو زندہ رکھتی ہے اور ایک قسم کی روحانی برقی رو ہوتی ہے جو ارواح کو متحرک اور بیدار رکھتی ہے۔ لہٰذا فوری طور پر ہر خطبہ ہر گھر اور ہر سنٹر میں بروقت پہنچنا ضروری ہے۔

اس سلسلہ میں آپ نے ڈپلی کیٹ گھرانوں کی تعداد کے مطابق بہترین قسم کی آڈیو کیسٹس کا انتظام کیا۔ ماسٹرز کاپیوں کی لائبریری بنوائی اس سلسلہ میں کارکنان کی مدد، راہنمائی اور مشورہ کرتے رہتے۔ گھرانوں سے خطبات سننے کی باقاعدہ رپورٹس منگواتے اور حاضری خوش کن ہونے پر خوشی کا اظہار فرماتے۔

جناب چوہدری صاحب نے خاکسار کو کئی بار بتایا کہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا ہر خطبہ جمعہ دو بار سنتا ہوں۔ پھر خطبہ کے اہم نکات سناتے۔ خلاصہ بیان کرتے کبھی کہتے آج آپ کی باری ہے خطبہ جمعہ کا خلاصہ بیان کریں۔ پھر فرماتے یہ یک طرف رابطہ ہے اسے دوطرفہ بنائیں حضور پُرنور کی خدمت میں خطبہ جمعہ سننے کے حوالے سے خط لکھ دیں اور اکثر فرماتے کہ خلافت کے ساتھ دیوانہ وار الفت ہو کیونکہ یہ ایمان کا حصہ ہے۔

اولاد سے پیار

مکرم چوہدری صاحب کو اپنی اولاد سے مثالی پیار تھا۔ آپ کی صاحبزادی محترمہ امتہ النصیر صاحبہ جو ہمارے حلقہ حسین آگاہی ملتان شہر کی صدر لجنہ تھیں، آپ ان سے بے حد پیار کرتے۔ جماعتی پروگراموں میں آپ ان کے ساتھ تشریف لے جاتے۔ خاکسار نے یہی دیکھا جب بھی آپ بیت الذکر تشریف لاتے آپ کی صاحبزادی ساتھ ہوتیں۔ لجنہ کے امور میں آپ کی مدد کرتے جماعتی کاموں میں یہ باپ بیٹی ایک دوسرے کے معاون تھے۔ جو مہینوں کام نہ ہو سکتا یہ کارکن دنوں میں کر لیتے۔ مجالس و محافل میں اپنی بیٹی کے دینی کام کی تعریف کرتے۔

آپ کی اولاد میں سے کچھ بیرون ممالک بھی مقیم تھے ان کو اچھے الفاظ میں یاد کرتے جب اولاد ملنے آتی تو انہیں بیت الذکر میں ساتھ لے کر آتے۔ بیرون ممالک میں مقیم اولاد کو جماعت سے گہرا تعلق رکھنے اور خلافت سے پختہ رابطہ رکھنے کی تلقین کرتے۔

آپ کے بیٹے رانا سعید احمد خاں صاحب آپ کے ساتھ ہی رہائش رکھتے تھے ان کے بیٹوں رانا ندیم احمد، رانا فرید احمد صاحبان سے خاص پیار تھا ان دونوں نے اپنے دادا جان کی خوب خدمت کی ہے۔ جب جماعتی پروگراموں میں جاتے تو ان میں سے دونوں یا ایک ضرور آپ کے ساتھ ہوتا اور دینی کاموں میں مصروف ہوتا۔ آپ انہی جماعتی کاموں کے لئے ابھارتے رہتے تھے۔

کامیاب زندگی

چوہدری صاحب موصوف کو اللہ تعالیٰ نے کامیاب زندگی عطا فرمائی تھی۔ علم میں بھی نام کمایا۔ دنیا میں بھی نیک نامی پائی اور دینی خدمت میں بھی یادگار کام کئے۔ ملتان کی جماعت میں آپ کا تذکرہ ہمیشہ حسین الفاظ میں ہوتا رہے گا۔

آپ نے اس بے بقا عالم میں 94 بہاریں دیکھیں۔ تادم واپسیں یادداشت مضبوط، صحت اچھی، ہشاش بشاش اور آواز میں گرج قائم و دائم رہی۔

چوہدری صاحب کی اولاد خدا تعالیٰ کے فضل سے بزرگوں کا ادب احترام اور خدمت کرنے والی ہے۔ اولاد نے بڑی خدمت کی آپ اپنی ساری اولاد سے خوش تھے۔

آپ کی وفات 30 دسمبر 2002ء کو ہوئی۔ آپ نے 94 سال عمر پائی۔ آپ کا جنازہ مکرم میجر (ریٹائرڈ) منور احمد صاحب امیر ضلع ملتان نے پڑھایا۔ آپ کی نماز جنازہ میں احباب جماعت کے علاوہ کثیر تعداد میں غیر از جماعت دوستوں نے شمولیت کی۔

اگلے دن جنازہ ربوہ لایا گیا۔ مرحوم کا جنازہ حضرت صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز (جو اس وقت ناظر اعلیٰ تھے) نے پڑھایا۔

موصی ہونے کی برکت سے آپ کی تدفین بہشتی مقبرہ ربوہ میں ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے اور کروٹ کروٹ سکون عطا فرمائے اور اپنی جوار رحمت میں جگہ نصیب کرے۔ آمین

☆☆☆

مکرم ملک طاہر احمد صاحب

محترم ڈاکٹر بریگیڈیئر (ر) صاحبزادہ مرزا مبشر احمد صاحب

حضرت مسیح موعود کے پوتے اور حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کے بیٹے محترم ڈاکٹر بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) مرزا مبشر احمد صاحب (مرحوم) ایک بہت ہی کامیاب اور مشہور آئی سپیشلسٹ تھے خاکسار سے ان کی ملاقات 1981ء میں لاہور میں اس وقت ہوئی جب خاکسار حبیب بینک لمیٹڈ کی ڈیوس روڈ برانچ لاہور میں بطور سیکنڈ آفیسر کے ٹرانسفر ہو کر آیا تھا محترم ڈاکٹر صاحب مرحوم کا اکاؤنٹ ہمارے بینک میں تھا ایک روز بہت ہی چمکتی ہوئی آنکھوں والے بہت پُرشفقت چہرے والے۔ دھیمی دھیمی گفتگو کرنے والے۔ میانے قد کے۔ ذرا سا سڈول جسم والے صاحب خاکسار کے پاس تشریف لائے اور انہوں نے اپنا تعارف کروایا۔ خاکسار جب تعلیم الاسلام کالج ربوہ میں 1960ء سے 1965ء تک تعلیم حاصل کر رہا تھا تو حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کی ملاقات سے کئی مرتبہ بہرہ مند ہو چکا تھا اور یہ بھی سن چکا تھا کہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب کے صاحبزادے اور ہمارے کلاس فیلو ڈاکٹر مرزا مبشر احمد صاحب کے علاوہ بھی خاندان حضرت مسیح موعود میں ایک اور ڈاکٹر مرزا مبشر احمد صاحب بھی ہیں جو کہ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کے صاحبزادے ہیں اور آئی سپیشلسٹ ہیں۔

بہرحال خاکسار کو انتہائی خوشی ہوئی اور خاکسار نے جب ان کا مکمل تعارف حاصل کر لیا تو پھر اپنے متعلق بھی ذرا ''کھل'' کر بتایا۔ بس پھر کیا تھا۔ تمام اجنبیت، تمام فاصلے اسی وقت ختم ہو گئے اور اس کی جگہ بہت ہی اپنائیت، خلوص اور پیار نے لے لی جو ہمیشہ ہمارے درمیان رہا اور پھر بڑھتا ہی چلا گیا وہ شخص بہت ہی پیارا وجود تھا۔ کم گو، سادہ، حلیم طبیعت، ہمدرد، بے ریا، پُرسکون، نرم مزاج بے نفس، لالچ سے مبرا، اپنے عظیم اور مقدس دادا اور اپنے مقدس باپ کی تصویر۔ محترم ڈاکٹر صاحب سے پھر کئی ملاقاتیں ہوئیں۔ زیادہ تر بینک میں ہی لیکن کچھ ملاقاتیں ان کے کلینک میں بھی ہوئیں جو کہ بینک کے پاس ہی شملہ پہاڑی کے پاس ایک کوٹھی میں واقع تھا۔

خاکسار چند بار ان کو اپنی ''آنکھیں دکھانے کے لئے'' گیا تھا۔ جس کا معاوضہ محترم ڈاکٹر صاحب نے کبھی نہیں لیا۔ باوجود خاکسار کے پُرزور اصرار کرنے کے۔

ایک مرتبہ خاکسار کی آنکھوں میں شدید انفیکشن ہو گئی اور اتنا شدید درد تھا کہ ناقابل بیان خاکسار نے ڈاکٹر صاحب کو اپنے گھر سے ٹیلیفون کیا۔ ڈاکٹر صاحب بھی اس وقت اپنی رہائش گاہ واقع شامی چھاؤنی لنک شامی روڈ میں تھے۔ فرمایا کہ فوراً پہنچ جاؤ خاکسار بڑی مشکل سے کار ڈرائیو کرتا ہوا ان کی رہائش گاہ تک پہنچا۔ وہ وقت یقیناً ڈاکٹر صاحب کے آرام کا وقت تھا۔ لیکن خاکسار کے پہنچنے پر فوراً اندر بلوا لیا اور فوری طور پر آنکھوں کا معائنہ کیا اور اپنے دوائیوں کے بکس میں سے مختلف دوائیاں وقفے وقفے سے ڈالنی شروع کر دیں اور ساتھ ہی ساتھ بہت تسلی آمیز گفتگو بھی کرتے رہے۔

درد آہستہ آہستہ غائب ہونے لگا اور آنکھوں کو سکون اور چین نصیب ہوا۔ تقریباً دو گھنٹے تک ڈاکٹر صاحب مسلسل خاکسار کے پاس بیٹھے رہے اور وقفے وقفے سے آنکھوں کا معائنہ بھی کرتے رہے اور دوائیاں بھی ڈالتے رہے۔ اس کے بعد محترم ڈاکٹر صاحب نے خاکسار کو جانے کی اجازت دے دی اور کچھ قیمتی ادویات بھی ساتھ دے دیں اور جو نہیں تھیں وہ لکھ کر دے دیں۔ خاکسار کے مسلسل اصرار کے باوجود کوئی معاوضہ نہیں لیا۔

خاکسار یہ بیان کرنا چاہتا ہے کہ ڈاکٹرز اور بھی تھے۔ بینک کے بھی تھے۔ دوسرے بھی تھے۔ لیکن ایسے عالم میں جب وقت نہ لیا ہوا۔ کلینک نہ کھلا ہو کوئی ڈاکٹر بھی آنکھوں کا معائنہ نہیں کرتا یہ صرف اور صرف ایک احمدی ڈاکٹر اور وہ بھی حضرت مسیح موعود کا پوتا اور حضرت مرزا بشیر احمد صاحب جیسے باپ کا بیٹا ہی اپنے آرام کو تج کر کے اپنی قیمتی وقت کو صرف کر کے اور وہ بھی بلا معاوضہ ایسا کر سکتا ہے اب ڈاکٹر صاحب گو اس دنیا میں نہیں ہیں لیکن میرے جیسے کافی لوگوں کے دلوں میں ہمیشہ کے لئے بستے رہیں گے اور خلوص اور محبت والی دعائیں لیتے رہیں گے۔

اللہ تعالیٰ ان کے درجات ہمیشہ بلند کرتا رہے اور ان کو اپنے مقدس اور عظیم دادا اور اپنے مقدس والدین کے قدموں میں جگہ دے اور اپنا انتہائی قرب عطا کرے۔ اور ہم لوگوں کو ایسے وجودوں کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے تا کہ ہم لوگ بھی بنی نوع انسان کو کسی طور ضرور فائدہ پہنچا سکیں۔ آمین

☆......☆......☆

مکرم راجہ سعید احمد صاحب

فزکس کے عظیم عالمی سائنسدان

نوبیل انعام یافتہ پروفیسر ڈاکٹر محمد عبدالسلام (1926ء-1996ء)

عبدالسلام ایک فرد نہیں ایک تحریک کا نام ہے

پاکستان کے ایک دورافتادہ شہر جھنگ مگھیانہ کے ایک دیندار، تقویٰ شعار گھرانے میں 29 جنوری 1926ء کو جس بچے نے آنکھ کھولی ان کے والدین نے ایک مبشر خواب کی بنا پر نومولود کا نام عبدالسلام رکھا اور 21 نومبر 1996ء کو جب اس نے اپنا آخری سانس لیا تو اس کی عمر 70 سال 9 ماہ سے زائد تھی۔ سائنس کے علم کی جستجو میں دنیا کی بڑی یونیورسٹی کے تین تین سالوں پر پھیلے ہوئے ریسرچ کے کاموں کو اپنی خداداد ذہانت اور محنت سے محض ایک سال کے مختصر عرصہ میں مکمل کر کے اپنے نگراں اساتذہ، بشمول مشہور زمانہ سائنسدان آئن سٹائن کو بھی حیرت زدہ کرتے ہوئے ان یونیورسٹی امتحانات کے نئے ریکارڈز اور معیار قائم کئے۔

ڈاکٹر عبدالسلام نے جب اپنے ایک قابل نگران پروفیسر صاحب سے سرٹیفکیٹ طلب کیا تو استاد نے فخریہ طور پر اپنے پاکستانی شاگرد سے کہا کہ بہتر ہے کہ آپ مجھے لکھ کر دیں کہ میں آپ کا استاد رہا ہوں۔ چوبیس پچیس سال کے طالب علم کی اگر یہ علمی شان ہو، تو مستقبل کی کامیابیوں کی چمک دمک کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

یہ حیران کن حقیقت ہے کہ 1956ء میں صرف 32 سال کی عمر میں آپ نے جو نئے سائنسی نظریات پیش کئے۔ 1957ء میں جب دو امریکی سائنسدانوں نے اپنی آزادانہ تحقیق کے نتیجہ میں وہی اکیس سال قبل کی ڈاکٹر سلام تھیوری پیش کی تو پھر ان دونوں سائنسدانوں کے ساتھ ڈاکٹر عبدالسلام کو بھی نوبیل انعام فزکس میں مجبوراً دینا پڑا۔

ڈاکٹر عبدالسلام ایک منفرد شان و علم و عمل کے حامل تھے۔ آپ بے پناہ ذہنی، علمی، نظریاتی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ بے مثال علمی و تنظیمی لیاقت سے بھی بہرہ مند تھے انہیں یقین کامل تھا کہ وہ پاکستان اور تیسری دنیا کے غریب ملکوں کے محروم لوگوں کی زندگیوں میں جدید علوم، سائنس اور ٹیکنالوجی کے ذریعہ خوشی اور خوشحالی لا کر باوقار معیار زندگی ممکن بنا سکتے ہیں۔ ڈاکٹر سلام نے مسلسل جدوجہد کی کہ پچاس سے زائد آزاد، خودمختار مسلم ممالک وہی کردار ادا کریں جو پانچ چھ صدیوں پہلے مسلمان بادشاہوں کی سرپرستی میں مسلمان سائنسدانوں، البیرونی، عمر خیام، ابن رشد، طوسی، مسعودی، جابر بن حیان نے علم و عمل اور عزم سے عالمی راہنمائی کا حق ادا کیا۔ لیکن جب ہندوستان میں مسلمان حکمران ہوئے تو انہوں نے حکمت اور سائنس پر کوئی رقم خرچ نہ کی بلکہ اس کی سرپرستی بالکل ترک کردی۔ آپ کی خواہش یہ تھی کہ آنے والے دور کا مقابلہ کیا جائے اور پاکستان اور تیسری دنیا کے نوجوان سائنسدان تیار کئے جائیں تاکہ آنے والے دور کے سخت چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لئے پاکستان میں ٹرانسفر آف ٹیکنالوجی ممکن بنائی جاسکے۔ 1960ء سے لے کر 1974ء تک ڈاکٹر عبدالسلام کو صدر مملکت کے چیف سائنٹفک مشیر کے طور پر کام کرنے کا موقع ملا۔

ڈاکٹر عبدالسلام اور ڈاکٹر آئی ایچ عثمانی کی مثالی رفاقت کی وجہ سے کچھ کامیابیاں بھی حاصل ہوئیں جو کراچی پاور پلانٹ اور Suparco جیسے بنیادی ادارے قائم کئے گئے۔

ڈاکٹر عبدالسلام کے اس خواب کو پورا کرنے کے لئے اٹلی نے عملی جامہ پہنانے کے لئے نہ صرف مالی امداد میسر کی بلکہ ٹریسٹ (Trieste) کا شہر بھی ان کے حوالے کر دیا اسی شہر میں 1964ء میں ایک عظیم الشان ادارہ ''انٹرنیشنل سنٹر آف تھیوریٹیکل فزکس'' (ICTP) کے نام سے قائم کیا گیا۔ اس سنٹر میں ہر سال تیسری دنیا کے غریب ممالک سے ایک ہزار نوجوان سائنسدان آتے ہیں جو ترقی یافتہ ممالک سے مدعو کئے گئے۔ نامور سائنسدانوں سے باہم مل کر براہ راست بات چیت، سوال و جواب اور سیمینار کے ذریعہ جدید سائنسی رجحانات اور پیش رفت سے آگاہی حاصل کرتے ہیں۔ گزشتہ 43 سالوں کے دوران 50 ہزار سے زائد نوجوان سائنس گریجوایٹس کو ٹریسٹ سنٹر میں تین سے چھ ماہ تک قیام پذیر رہ کر جدید سائنس کو سمجھنے اور اخذ کرنے کے بہترین مواقع میسر آئے اور بالکل فری اور مفت سفر خرچ یا طعام و قیام پر ایک پیسے کا بھی خرچ نہیں لیا جاتا۔ ڈاکٹر عبدالسلام کی یہ خواہش بھی تھی کہ ہر سال موسم گرما کی چھٹیوں کے دوران پاکستان کی یونیورسٹیوں کے ہونہار سائنس گریجوایٹس یہاں ٹریسٹ سنٹر میں آکر خالص علمی اور سائنسی ماحول میں اہل علم افراد کے ساتھ مل بیٹھ کر جدید علوم سے آگاہی حاصل کریں اور پھر اپنے ملک میں جا کر اس شمع کو جلائے رکھیں مگر افسوس صد ہا افسوس ڈاکٹر سلام کی یہ خواہش بھی پوری نہ ہوسکی۔ لیکن ڈاکٹر عبدالسلام کا قائم کردہ ٹریسٹ سنٹر آج بھی اپنے بانی ڈائریکٹر کی وفات کے بعد بھی تیسری دنیا کے غریب مگر ہونہار سائنسدانوں کو اعلیٰ تعلیم کے مفت مواقع مہیا کر رہا ہے۔ کاش پاکستانی قوم بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتی! ٹریسٹ کے آئی سی ٹی پی سنٹر کے بانی ڈائریکٹر کے طور پر ڈاکٹر عبدالسلام 1964ء سے لے کر 1994ء تک پورے تیس سال انتھک طریق پر غیر معمولی خدمات سرانجام دیں۔ ریٹائرمنٹ پر آپ کے اعزاز میں الوداعی تقریب منعقد ہوئی اس موقع پر ہر خطہ سے مختلف اقوام اور ملکوں کے نمائندے سینکڑوں سائنسدان جمع تھے ان میں دس نوبیل انعام یافتہ بھی تھے۔ سب نے ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر ڈاکٹر سلام کو ان کے علمی کارناموں پر خراج تحسین پیش کیا۔ ہر ایک کی خواہش تھی کہ وہ ڈاکٹر صاحب کے قریب تر ہو کر آپ کو الوداع کہے۔ ایک طویل قطار بنانا پڑی ڈاکٹر سلام اپنی بیماری کی وجہ سے وہیل چیئر پر بیٹھے ہوئے تھے۔ یہ افراد اور سائنسدان پاکستان کے نوبیل انعام یافتہ عظیم سائنسدان ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کے سامنے آکر رکتے، عقیدت سے سر جھکاتے الوداعی الفاظ کے ذریعہ ان سے بے لوث محبت اور پیار، خلوص اور عقیدت کا اظہار کرتے اور سلام کرتے ہوئے آگے گزر جاتے۔ ایک پاکستانی کے لئے یہ عقیدت و احترام چشم فلک نے ایسا نظارہ اس سے پہلے کبھی نہ دیکھا تھا۔

اس خصوصی یادگار تقریب میں قائداعظم یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر پرویز ہود بھائی بھی موجود تھے انہوں نے یہ بات بیان کی ہے کہ اس الوداعی تقریب میں ایک پاکستانی طالب علم بھی پہنچ گیا۔ قطار میں جب اس طالب علم کی باری آئی تو اس نے جھک کر ڈاکٹر صاحب کو سلام اور عقیدت کے پھول پیش کرنے کے بعد کہا ''سر پاکستان کو آپ پر فخر ہے'' پاکستان کے لفظ نے ڈاکٹر سلام کے وجود کو ان کی روح اور دل و دماغ کو اچانک ہلا کے رکھ دیا ڈاکٹر صاحب نے اپنے وطن کا نام سنتے ہی اپنے کندھے اچکے جیسے ایک دم کسی نے چونکا دیا ہو اور اس وقت اس عظیم سائنسدان کی آنکھوں سے آنسو نکل کر رخساروں سے نیچے بہنے لگے۔ اس وقت یقیناً ان کے دل میں یہ خیال ضرور ابھرا ہوگا کہ یہ عظیم درس گاہ وہ اپنے مادر وطن پاکستان میں کیوں قائم نہ کر سکے۔

ڈاکٹر عبدالسلام کے ان آنسوؤں کے پیچھے کتنے ارمانوں کا خون ہوگا اور کتنے عزائم کو خاک میں ملا دیا ہوگا۔

